بقیہ: اُمّ المُسبِّحات: سورۃ الحدید

حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کے پاس تشریف لائے اور انہوں نے تسلی دی کہ نہیں' اللہ آپ کو ضائع نہیں کرے گا۔ تو درحقیقت اُمت کی عورتوں میں سب سے اونچا مقام حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کا ہے۔ حضرت ابوبکر صدیق ؓ کی ہم پلہ شخصیت وہی ہیں۔

زیر درس آیت مبارکہ کے کچھ پہلو ابھی باقی رہ گئے ہیں' وہ اِن شاء اللہ اگلے درس میں بیان ہوں گے۔

بارك الله لی ولکم فی القرآن العظیم ونفعنی وایاکم بالآیات والذکر الحکیم

بقیہ: مصارفِ زکوٰۃ اور مصالح اُمت محمدیؐ

عام خوشحالی ہوگی' کوئی جنگیں نہیں ہوں گی' تمام ممالک کا فوجی اور اسلحہ کا بجٹ فلاحی کاموں میں لگے گا۔

ایسے حالات میں جو یقیناً وارد ہو کر رہیں گے' ابھی تو اس وقت کے علماء کو مزید اجتہادات کرنے ہوں گے اور زکوٰۃ اور اس کے مصارف پر غور وفکر لازمی ہو جائے گا' اور ہمارے ایمان کا تقاضا ہے کہ اُس وقت کے علماء وفقہاء یقیناً ہمارے اسلاف کی طرح اپنا فرض اجتہاد ادا کریں گے اور مسلمان اُمت کی صحیح رہنمائی کریں گے۔ اے کاش! کہ آج کے علماء وفقہاء بھی جو اِس منصب کے اہل ہیں' وہ حالاتِ حاضرہ میں رہنمائی کا حق ادا کریں۔

اللھم وفقنا لما تحب وترضی' اللھم ارنا الحق حقا وارزقنا اتباعہ وارنا الباطل باطلا وارزقنا اجتنابہ۔ آمین یارب العلمین!

میثاق' حکمت قرآن اور ندائے خلافت کے انٹرنیٹ ایڈیشن
تنظیم اسلامی کی ویب سائٹ www.tanzeem.org پر ملاحظہ کیجئے۔